ریاست ہائے متحدہ کی ڈسٹرکٹ کورٹ
نیو یارک کا جنوبی ڈسٹرکٹ

| | |
|---|---|
| جوناتھن نیبے (JONATHAN NNEBE)، *اور دیگر تمام*،<br><br>مدعیان،<br><br>بمقابلہ<br><br>میتھیو ڈاس (MATTHEW DAUS)، *اور دیگر تمام*،<br><br>مدعا علیہان۔ | نمبر 06-cv-4991 (RJS) |
| اینتھونی اسٹال ورتھ (ANTHONY STALLWORTH)، *انفرادی طور پر اور یکساں طور پر موجود دیگر تمام افراد کی طرف سے، اور دیگر تمام*،<br><br>مدعیان،<br><br>بمقابلہ<br><br>میرا جوشی (Meera joshi)، *اور دیگر تمام*.،<br><br>مدعا علیہان۔ | نمبر 17-cv-7119 (RJS) |

**کلاس ایکشن کے التواء کا نوٹس**

بنام: ان تمام ٹیکسی یا کرائے کی گاڑیوں کے ڈرائیورز کے لیے جن کے لائسنسز 2003 سے 2020 کے درمیان جرائم کے الزامات پر گرفتار ہونے کی بنیاد پر NYC ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن کی جانب سے معطل کیے گئے تھے (مجموعی طور پر، کلاس)۔

**براہ کرم یہ نوٹس احتیاط کے ساتھ پورا پڑھیں۔**
**اس مقدمے کی کارروائیوں کی وجہ سے آپ کے حقوق متاثر ہو سکتے ہیں۔**
**اس نوٹس کے ترجمہ شدہ ورژنز WWW.TLCSUSPENSIONCASE.COM پر دستیاب ہیں**

یہ کورٹ کا حکم کردہ اعلامیہ ہے کہ آپ نیو یارک سٹی اور NYC ٹیکسی اینڈ لیموزین کمیشن کے افسران کے خلاف دو متعلہ زیر التوا مقدموں میں کلاس کے رکن ہو سکتے ہیں، جو فی الوقت نیو یارک کے جنوبی ڈسٹرکٹ کے ریاست ہائے متحدہ کی ڈسٹرکٹ کورٹ میں زیر التواء ہیں۔

اس نوٹس کا مقصد آپ کو آگاہ کرنا ہے کہ ایکشن پر کارروائی کے لیے تصدیق کورٹ کی جانب سے کلاس ایکشن کے طور پر کی گئی ہے اور یہ کہ کورٹ نے تعین کیا ہے کہ جو ڈرائیورز 28 جون 2003 سے

18 فروری 2020 کے درمیان گرفتار کیے جانے کی بنیاد پر معطلی کا شکار تھے انہیں مطلع کرنے اور ان کی سماعتوں کے انعقاد کے طریقے میں سٹی کی جانب سے آئینی خلاف ورزیاں کی گئیں تھیں۔ **نتیجتاً، آپ پیسے کے نقصان کی تلافی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ اس کیس کا حصہ ہوتے ہوئے اس وقت آپ کو کوئی بھی ایکشن لینے کی ضرورت نہیں ہے۔**

**یہ نوٹس آپ کو وضاحت کرتا ہے کہ:**

1. مقدمے کس چیز کے بارے میں ہوتے ہیں
2. کلاس کے رکن کے طور پر آپ کے حقوق
3. آیا آپ پیسے کے نقصان کی تلافی کے حقدار ہو سکتے ہیں
4. آپ کو کیا کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے
5. کورٹ کی مزید کارروائیاں
6. مقدمے کے بارے میں مزید معلومات کیسے حاصل کریں

## 1. مقدمے کس چیز کے بارے میں ہوتے ہیں

دو متعلقہ مقدمات یہ ہیں: *نیبے اور دیگر تمام بمقابلہ ڈاس، اور دیگر تمام (Nnebe et al. v. Daus, et. al.).* (کیس نمبر 06-cv-4991) اور *اسٹال ورتھ، اور دیگر تمام بمقابلہ جوشی، اور دیگر تمام۔* (کیس نمبر 17-cv-7119).

مدعیان جوناتھن نیبے، ایڈورڈو ایوینائٹ (Eduardo Avenaut)، خیر الامین (Khairul Amin)، اینتھونی اسٹال ورتھ (Anthony Stallworth)، پریچے برمن (Parichay Barman) اور نور تانی (Noor Tani) نے، نیو یارک ٹیکسی ورکرز اتحاد (NYTWA) کے ساتھ مل کر اس طریقہ کار کو چیلنج کیا جو مدعا علیہان ان ڈرائیورز کو فراہم کرتے تھے جن کے لائسنسز کسی مخصوص جرم کے الزامات کی وجہ سے گرفتار ہو جانے پر TLC کی جانب سے معطل کر دیے گئے تھے۔ خاص طور پر، مدعیان نے الزام لگایا ہے کہ بعد از معطلی نوٹس اور ڈرائیور کے جرم کی صورت میں اس کے معطل شدہ لائسنس کے زیر التواء حل کو دوبارہ بحال کرنے کے لیے کی جانے والی سماعتیں غیر آئینی ہیں۔ 2019 میں، ریاست ہائے متحدہ کی اپیلز کی کورٹ برائے دوسرا سرکٹ نے فیصلہ سنایا کہ مدعا علیہان نے معطلی کا شکار ڈرائیورز کو قانونی کارروائی کے آئینی حق سے محروم رکھا کیونکہ (1) نوٹسز ڈرائیورز کو سماعت کی نوعیت کے متعلق موزوں طور پر آگاہ نہیں کرتے تھے اور (2) سماعتیں ڈرائیورز کو اپنے لائسنس کی معطلی کے حوالے سے بامعنی موقع فراہم کرنے میں ناکام ہوئیں۔

ڈسٹرکٹ کورٹ نے کلاس ایکشن کے طور پر کارروائی کے لیے مقدمے کی اجازت دی ہے۔ کلاس ایکشن میں، "کلاس کے نمائندے" کہلائے جانے والے ایک یا زائد افراد دیگر ایسے لوگوں کی طرف سے قانونی کارروائی کرتے ہیں، جنہیں "کلاس کے اراکین" کہا جاتا ہے، جن کے یکساں دعوے ہوتے ہیں۔ اس کیس میں، کلاس کے نمائندے جوناتھن ننیبے، ایڈورڈو ایوناٹ، خیر الامین، اینتھونی اسٹال ورتھ، پریچے برہمن اور نور تانی ہیں، جن میں سے ہر ایک کے پاس گرفتاری کے بعد TLC کی جانب سے معطل کردہ ٹیکسی یا کرائے کی گاڑی (FHV) چلانے کے لیے اپنا لائسنس موجود ہے۔

مارچ 2022 میں، ڈسٹرکٹ کورٹ نے ان تمام ٹیکسی یا کرائے کی گاڑی کے ڈرائیورز کی کلاس کی توثیق کی جن کے TLC لائسنسز کو 28 جون 2003 سے 18 فروری 2020 کے درمیان کسی بھی وقت جرم کے الزام پر ڈرائیور کے گرفتار ہونے کی بنیاد پر معطل کیا گیا تھا۔ اب ڈسٹرکٹ کورٹ یہ تعین کرے گی کہ نقصانات کی تلافی کا حقدار کون ہے اور، اگر حقدار ہے تو، کتنا۔ کورٹ نے یہ فرمان جاری کیا کہ اس کلاس کے اراکین تمام ڈرائیورز کم سے کم انتہائی معمولی ایک ڈالر کے نقصانات کے اہل ہوں گے۔

## 2. کلاس کے رکن کے طور پر آپ کے حقوق

آپ نے یہ نوٹس اس لیے وصول کیا کیونکہ کورٹ نے اس مقدمے میں ایک کلاس کی توثیق کی ہے اور آپ کی نشاندہی اس کلاس کے رکن کے طور پر کی گئی ہے جس کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہو۔ کلاس ایکشن مقدمے کی ایک ایسی قسم ہے جس میں ایک شخص یا ایک سے زائد افراد یکساں صورت حال کے شکار افراد کے گروپ کے تمام اراکین کی طرف سے دعوؤں پر کارروائی کرتے ہیں تاکہ پورے گروپ کے لیے پیسے کے نقصانات یا دیگر سہولت حاصل کر سکیں۔ ڈسٹرکٹ کورٹ نے فیصلہ کیا کہ یہ مقدمہ کلاس ایکشن کے طور پر پیش رفت کر سکتا ہے کیونکہ یہ دیوانی طریقہ کار 23 کے وفاقی اصول کے تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔ جج رچرڈ جے سلیوان (Richard J. Sullivan) اس کلاس ایکشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔

اس معاملے میں کسی بھی فیصلے کی پابندی کلاس کے تمام اراکین پر عائد ہو گی۔ اگر 28 جون 2003 سے 18 فروری 2020 کے درمیان کسی بھی وقت جرم کے الزام کے سبب گرفتاری کی وجہ سے آپ کا لائسنس TLC کی جانب سے معطل کیا گیا تھا، تو آپ کلاس میں شامل ہیں تاوقتیکہ آپ ذیل میں مقرر کردہ طریقہ ہائے کار کے مطابق شامل نہ ہونے کی درخواست دیں۔

کلاس کی نمائندگی ڈینیئل ایل ایکمین (Daniel L. Ackman)، ڈیوڈ ٹی گولڈبرگ (David T. Goldberg)، اور شانن لس ریورڈن (Shannon Liss-Riordan) کی جانب سے کی جاتی ہے، جنہیں کلاس کاؤنسل کے طور پر متعین کیا جاتا ہے؛ ان کی رابطے کی معلومات درج ذیل ہیں۔ تاہم آپ، اپنے خرچ پر، اپنے ذاتی اٹارنی کے ذریعے کیس میں موجودگی ظاہر کر سکتے ہیں، لیکن آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

## 3. کیا میں پیسے کے نقصانات پورے کر سکتا ہوں؟

کلاس کے تمام اراکین ایک ڈالر کے معمولی پیسے کے نقصانات پورے کرنے کے اہل ہیں۔ آیا کلاس کا انفرادی رکن بھی پیسے کے نقصانات کی تلافی حاصل کرے گا اس کا تعین ایک کارروائی کے ذریعے کیا جائے گا جو تجزیہ کرے گا کہ آیا موزوں سماعت اور موزوں سماعت کے حق کا موزوں نوٹس دیا جاتا تو کیا اسے دوبارہ بحال کیا جاتا۔ کارروائی میں اس بات کا تعین کیا جانا بھی شامل ہو گا کہ آیا کلاس کے رکن کے گزشتہ طور پر زیر التواء جرم کے کیس کے التواء کے دوران اس کا TLC لائسنس کا حامل ہونا جاری رہنا عوامی تحفظ کو ایک براہ راست اور ممکنہ خطرے میں مبتلا کر سکتا تھا۔ تلافی کے نقصانات کی رقم، اگر کوئی ہوئی تو، کا تعین غیر جانبدار فیصلہ ساز کی جانب سے، TLC کی غیر آئینی معطلی کی پریکٹسز کے نتیجے میں فرد کو ہونے والے نقصانات کے ثبوت کی جزوی بنیاد پر کیا جائے گا۔ مدعا علیہان پیسے کے نقصانات کی تلافی کی کارروائی کے لیے کلاس کے رکن کی اہلیت، اور اس موقع پر پیش کردہ ثبوت پر اعتراض کر سکتے ہیں۔

## 4. آپ کو کیا کرنے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے

**کلاس میں رہنے اور کم سے کم نقصانات کی تلافی اور نقصانات کی اضافی تلافی حاصل کرنے کے امکان کے لیے آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** اگر آپ کلاس میں نہیں رہنا چاہتے، تو پھر آپ پر کلاس سے اخراج (یا عدم انتخاب) کی تحریری درخواست کرنا لازمی ہے۔ اگر آپ خود کو کلاس سے خارج کرتے ہیں تو آپ کسی تصفیے، بازیابی، یا مقدمے کے حق میں فیصلے میں شرکت نہیں کریں گے۔ اگر آپ کلاس کو عدم منتخب کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو آپ، بہرطور، انفرادی طور پر اپنے دعوؤں پر چارہ جوئی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنے کے لیے وکیل کی خدمات حاصل کرتے ہیں، تو اخراجات کی ذمہ داری آپ کی اپنی ہو گی۔

**اگر آپ خود کو کلاس سے خارج کرنا چاہتے ہیں، تو آپ پر خود کو کلاس سے خارج کرنے کے لیے منسلکہ فارم مکمل کرنا لازمی ہے۔**

اگر آپ خود کو کلاس سے خارج کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ پر مکمل کردہ فارم فرسٹ کلاس ڈاک یا رات کے وقت کی ترسیلی سروس کے ذریعے بھیجنا لازمی ہے، جو **18 جولائی 2022 سے پہلے پہلے** Shannon Liss-Riordan, Lichten & Liss-Riordan, 729 Boylston Street Suite 2000, Boston MA 02116 پر پوسٹ مارک کردہ ہو۔ متبادل طور پر، آپ مکمل کردہ فارم کو tlcsuspensioncase@llrlaw.com پر **18 جولائی 2022 سے پہلے بھی** ای میل کر سکتے ہیں۔ **براہ کرم فارم کورٹ کو ارسال نہ کریں۔**

**5. کورٹ کی مزید کارروائیاں**

درج بالا وضاحت کردہ کے مطابق، کورٹ پہلے ہی کیس کا فیصلہ مدعیان کے حق میں کر چکی ہے اور کلاس قائم کر چکی ہے۔ اگلے مرحلے میں، کورٹ انفرادی سماعتوں کے ذریعے اس بات کا تعین کرے گی کہ کلاس کے کون سے اراکین نقصانات کی تلافی کے حقدار ہیں، اور اگر ایسا ہے تو، کتنی تلافی کے حقدار ہیں۔

**6. مزید معلومات کیسے حاصل کریں**

یہ نوٹس محض خلاصہ ہے؛ یہ مکمل طور پر فریقین کے دعوؤں اور دفاعی دلائل کی وضاحت نہیں کرتا۔ اس مقدمے میں بحث و مباحثوں اور دیگر تمام ریکارڈز کا معائنہ دفتری اوقات کے دوران Daniel Patrick Moynihan U.S Courthouse, 500 Pearl Street, New York, New York 10007 میں کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ کو اضافی معلومات درکار ہوں، تو آپ کلاس کاؤنسل کو بذریعہ ای میل بھی **tlcsuspensioncase@llrlaw.com** پر، بذریعہ ڈاک **Shannon Liss-Riordan, Lichten & Liss-Riordan, P.C., 729 Boylston Street, Suite 2000, Boston, MA 02116** پر تحریر کر سکتے ہیں، یا آپ **929-477-9200** پر کال کر سکتے ہیں۔


**Shannon Liss-Riordan**
**Lichten & Liss-Riordan, P.C.**
**729 Boylston Street, Suite 2000**
**Boston, MA 02116**
**www.llrlaw.com**

**Daniel Lee Ackman**
**Law Office of Daniel L. Ackman**
**165 Broadway, 23rd Floor**
**New York, NY 10006**
**www.danackmanlaw.com**
**ای میل: dan@danackmanlaw.com**

**David Thomas Goldberg**
**Donahue & Goldberg, L.L.P.**
**Kent Ave. 240**
**Brooklyn, NY 11249**


**7. اگر میرا پتہ تبدیل ہو گیا تو کیا ہو گا؟**

اگر یہ نوٹس آپ کو پرانے پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجا گیا ہو، یا اگر آپ منتقل کر جائیں، تو براہ کرم اپنے حالیہ پتے سے کلاس کاؤنسل کو آگاہ رکھیں تاکہ آپ مزید نوٹسز اور/یا ثبوت کے دعوؤں کے فارمز وصول کر سکیں۔ اگر آپ کلاس کے رکن نہیں، تو آپ اس نوٹس کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔ آپ کے پتے میں کوئی بھی تبدیلی tlcsuspensioncase@llrlaw.com پر ای میل یا Lichten & Liss-Riordan, 729 Boylston Street Suite 2000, Boston MA 02116 پر بذریعہ ڈاک بھیجی جانی چاہیئے۔ آپ 929-477-9200 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

## اخراج کے لیے درخواست فارم کلاس ایکشن

*نیبے اور دیگر تمام بمقابلہ ڈاس، اور دیگر تمام۔* (کیس نمبر 06-cv-4991)
*اسٹال ورتھ، اور دیگر تمام بمقابلہ جوشی، اور دیگر تمام۔* (کیس نمبر 17-cv-7119)

**براہ کرم ان ہدایات کو پڑھیں**

**آپ کو اس فارم کو مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ اس کلاس ایکشن کے رکن رہنا اور پیسے کے معمولی نقصانات کی تلافی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو کچھ نہ کریں۔**

**اگر آپ خود کو اس کلاس ایکشن سے نکالنا چاہتے ہیں، تو اس فارم کو مکمل کریں اور 18 جولائی 2022 سے پہلے پہلے اس فارم کو پوسٹ مارک یا ای میل کریں۔**

**ذاتی معلومات:** براہ کرم مندرجہ ذیل معلومات پرنٹ یا ٹائپ کریں۔

نام: ______________________ TLC لائسنس نمبر: ______________

گلی کا پتہ: ______________________________________

شہر، ریاست، زپ کوڈ: ______________________________________

ای میل ایڈریس: ______________________________________

ٹیلی فون نمبر: ______________________________________

**موزوں خانہ منتخب کریں اور دستخط کریں**

| | |
|---|---|
| ☐ | میں اس ایکشن میں کلاس سے اخراج چاہتا/چاہتی ہوں۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ: (1) میں اس ایکشن کے ٹرائل یا تصفیے کے نتیجے میں کلاس کے ذریعے حاصل ہونے والی کسی ممکنہ بازیافتگی کو شیئر نہیں کروں گا/گی؛ (2) میں مدعا علیہ کے حق میں ہونے والے ایکشن میں کسی فیصلے کا/کی پابند نہیں ہوں گا/گی (3) میں اپنے خرچ پر اپنا مقدمہ درج کروانے کے ذریعے مدعا علیہان کے خلاف اپنے پاس موجود کوئی بھی دعوے پیش کر سکتا/سکتی ہوں۔ |

دستخط: ______________________ تاریخ: ______________

**جمع کروانے کی ہدایات**

اس فارم کا **18 جولائی 2022** پر یا اس سے پہلے tlcsuspensioncase@llrlaw.com پر ای میل کیا جانا یا درج ذیل پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجنا لازمی ہے: Lichten & Liss-Riordan, 729 Boylston Street Suite 2000, Boston MA 02116, پوسٹ مارک **18 جولائی 2022** سے پہلے پہلے ہو۔ **براہ کرم یہ فارم کورٹ کو بذریعہ ڈاک ارسال نہ کریں۔**